# مالی بیداری پیغام

## ایف آئی ڈی ڈی، سنٹرل آفس



## اظہارِ لاتعلقی

یہ کتاب اس مقصد کیساتھ پڑھنے اور تدریسی مواد کے لئے تیار کی گئی ہے تا کہ پڑھنے والے مالیاتی خواندہ بن جائیں اور اس کو اس لئے تیار نہیں کیا گیا کہ پڑھنے والا کسی خاص مالیاتی مصنوعات یا سروس کے سلسلے میں متاثر ہو۔

## حقوق محفوظ

شائع کرنے کیلئے ذرائع مہیا کرنے کے بغیر اجازت نہیں ہوگی

**پہلا شمارہ۔اکتوبر۔2016**

**مطبوعہ ریزرو بنک آف انڈیا**

भारतीय रिज़र्व बैंक-

**ریزرو بنک آف انڈیا**

سنٹرل بنک آف انڈیا



**محکمہ مالی شمولیت اور ترقیاتی**

10 ویں منزل، شہید بھگت سنگھ مارگ

فورٹ، ممبئی۔ 400 001

# فہرست صفحات


| | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| پیغام-1 | ایک (KYC) بنک اکاؤنٹ کھولنے کیلئے پیش کئے جانے والے دستاویزات | 2 |
| پیغام-2 | بجٹنگ اور عمومی بچت اور قرضے کی اہمیت | 3 |
| پیغام-3 | اپنے ڈپازٹ اور اپنے ڈپازٹ اکاؤنٹس کے بارے میں مزید جانئے۔ | 4 |
| پیغام-4 | وقت پر قرضوں کی ادائیگی سے ایک اچھا کریڈٹ سکور برقرار رکھیں۔ | 5 |
| پیغام-5 | ڈرافٹ اور چیک کی مانگ اور منتقلی کو خدا حافظ کہیں اور رقم کی منتقلی و واپسی الیکٹرانک طور پر شروع کریں۔ | 6 |
| پیغام-6 | بنکاری آپ کی دہلیز پر یا آپ کے علاقے میں | 7 |
| پیغام-7 | اپنے بنک اور بنکنگ محتسب کے پاس شکایات درج کرنے کا طریقہ جاننا۔ | 8 |
| پیغام-8 | کوئی مفت کھانا نہیں ہے۔ دھوکہ سے بچیں | 9 |
| پیغام-9 | اے ٹی ایم کے حوالے تجربہ کے طور پر مندرجہ ذیل پریشانیاں ذہن میں رکھیں | 10 |
| پیغام-10 | اپنی محنت کی کمائی صرف تسلیم شدہ اداروں میں ہی سرمایہ کاری کریں | 11 |
| پیغام-11 | MISSELLING:۔ جب آپ کسی بنک میں پیسے جمع کرانے جائیں تو آپ ایک | 12 |




# پیغام 1

# ایک (KYC) بنک اکائونٹ کھولنے کیلئے پیش کئے جانے والے دستاویزات




- شناختی کارڈ، رہائشی پتہ اور ایک حالیہ تصویر بنک اکاؤنٹ کھولنے کیلئے کافی ہیں۔
- آپ کا آدھار کارڈ، ڈرائیونگ لائسنس، ووٹر شناختی کارڈ، پاسپورٹ یا نریگا کارڈ دونوں طور پر ہیں۔ شناختی کارڈ اور رہائش کا پتہ۔ PAN کارڈ صرف شناخت کا ثبوت ہے۔
- اگر آپ کا موجودہ رہائشی پتہ ایک جیسا نہیں ہے تو آپ کے نئے پتے کا ایک سادہ اعلانیہ کافی ہے۔
- یہاں تک کہ شناخت اور رہائشی پتہ کے ثبوت کے بغیر بھی سیونگ بنک سمال اکاؤنٹ حالیہ تصویر اور دستخط کے پیش کرنے سے کھولا جا سکتا ہے۔ 50 ہزار تک اکاؤنٹ بیلنس، ووڈراول 10 ہزار تک اور کل کریڈٹ ایک لاکھ فی مالی سال سے لطف اٹھائیں۔










# پیغام 2

# بجٹنگ اور عمومی بچت اور قرضے کی اہمیت




- **بجٹنگ اور بچت :**۔ ایک بجٹ آپ کے مستقبل کی آمدنی اور آپ کے اخراجات و بچت کی رہنمائی کے طور پر استعمال ہونے والا منصوبہ ہوتا ہے ۔ ہر گھر کو آمدنی اور اخراجات کا بجٹ تیار کرنا چاہئے اور اس پر سختی سے عمل کرنا چاہئے ۔ یہ بہتر ہے کہ اپنے اخراجات کیلئے بجٹ ماہانہ بنیاد پر بنایا جائے ۔ اخراجات سے زیادہ آمدنی کو سرپلس قرار دیا جاتا ہے ۔ سرپلس کو فعال طور پر محفوظ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جو غیر متوقع واقعات ( حادثات ، قدرتی آفات ، کام کا نقصان ) اور زندگی میں اہم اوقات ( شادی ، بچوں کی تعلیم ، مقامات کا سفر ، ایک گھر کی خریداری ، گاڑی کی خرید ) کے وقت ضرورت ہوتا ہے ۔ بچت ہماری تب مدد کرتی ہے جب ہمیں کمانے کی صلاحیت نہیں ہوتی ، جیسا کہ سبکدوشی کے بعد ۔
- **بچت کی اہمیت :**۔ ہمیں ہماری آمدنی کا کچھ حصہ خرچ کرنے سے قبل محفوظ کر لینا چاہئے ۔ سب سے پہلے ، آپ کی بچت محفوظ اداروں اور آلات میں ہونی چاہئے ۔ جیسا کہ اگر آپ اپنی کڑی مشقت سے کمایا ہوا پیسہ خطرات یا غیر منظم والے اداروں یا آلات میں رکھتے ہیں تو آپ اپنا تمام پیسہ کھو بھی سکتے ہیں ۔ اس لئے یہ اہم ہے کہ پیسہ محفوظ اداروں یا آلات میں محفوظ رکھا جائے ، دوسرا ، بچت مستقبل میں منصوبہ بند اور غیر منصوبہ بند اخراجات کو پورا کرنے کیلئے ہے ۔ لہٰذا یہ بہتر ہے کہ ایسے آلات یا اداروں میں پیسہ محفوظ رکھا جائے جہاں سے آپ کو ضرورت کے وقت مل بھی جائے ۔ تیسرا ، آپ کو رقم کی واپسی پر کچھ اضافی ملنا چاہئے تا کہ افراط زر سے محفوظ رہ سکیں ۔



- **قرض :**۔ قرضہ اثاثوں میں سرمایہ کاری کرنے کیلئے نہ کہ روزمرہ کے اخراجات کی خاطر ادھار کے طور پر لیا جانا چاہئے ۔ اچھا قرض لینے کی مثالیں گھر کی خریداری کیلئے قرضہ ، بچوں کے اعلیٰ تعلیمی اخراجات کیلئے قرضہ وغیرہ ہیں ۔
- **بنک بمقابلہ ساہوکار (Moneylender) :**۔ ایک بنک ہمیشہ ایک ساہوکار سے بہتر ہوتا ہے کیونکہ یہ ریزرو بنک آف انڈیا کے ذریعہ باقاعدگی سے چلتا ہے ۔ بنکوں میں شفافیت ہوتی ہے اور یہ ساہوکار کی طرح قرض دہندہ سے بڑی قیمت وصول نہیں کرتے ۔ ان میں مستند دستاویزات پیش کرنے سے شکایات کے ازالے کا نظام موجود ہے ۔



# پیغام 3

# اپنے ڈپازٹ اور اپنے ڈپازٹ اکائونٹس کے بارے میں مزید جانئے۔



- اپنا پیسہ سیونگ بنک اکاؤنٹس میں مت رکھیں۔اس سے آپ کو اچھی آمدنی نہیں ملے گی۔جب آپ یکمشت رقم حاصل کرتے ہیں تو اس کی سرمایہ کاری فکسڈ ڈیپازٹ میں کریں اور جب آپ باقاعدگی سے رقم جمع کرائیں تو اس کیلیئے ریکرنگ ڈیپازٹ اکاؤنٹ کھولیں۔
- آپ کے بنک اکاؤنٹس اور اس کے تحفظ کیلیئے بنک میں آلات ہیں، جس شخص پر آپ بھروسہ کرتے ہیں، اسے نامزد کریں۔یہ آپ کے قریبی اور اپنوں کے مفاد میں ہے۔ایک بنک اکاؤنٹ کھولنے کے وقت نامزدگی فارم بھریں۔دعوے کی جلد سے جلد حل آوری اور خاندان کے ارکان کی مشکلات کم کرنے کیلیئے ایک شخص نامزد کریں۔'سابق یا لواحقین'۔مشترکہ اکاؤنٹ بنکوں میں اہم ہدایات ہیں، انہیں احتیاط سے دیں۔
- ضرورت کی صورت میں وقت سے پہلے ہی اپنے فکسڈ یا ٹرم ڈپازٹ کو واپس لینے کیلیئے آپ کو اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ آپ نے رقم جمع کرنے کے وقت اس سہولت کا انتخاب کیا ہے۔





- پنشنرز اپنی پنشن کی وصولی کیلیئے موجودہ بنک اکاؤنٹ استعمال کر سکتے ہیں۔یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ اپنی زوجہ کے ساتھ مشترکہ اکاؤنٹ رکھیں اور نامزدگی کا اندراج کرائیں 'لواحقین یا سابق لواحقین'۔اگر ضرورت ہو تو آپ اپنا پنشن اکاؤنٹ دوسری برانچ یا دوسرے بنک میں بھی منتقل کر سکتے ہیں۔
- ہر سال نومبر کے مہینے میں اپنے بنک کی برانچ میں 'لائف سرٹیفکیٹ' پیش کرنا یاد رکھیں۔فیزیکل لائف سرٹیفکیٹ پیش کے بجائے آپ جیون پرامان پیش کر سکتے ہیں جو ایک ڈیجیٹل لائف سرٹیفکیٹ ہے اور بائیومیٹرک تصدیق کی بنیاد پر آدھار نمبر کے ساتھ استعمال ہوتی ہے۔آپ ویب سائٹ www.jeevanpramaan.gov.in دیکھ سکتے ہیں اور اپنے موبائل فون کے ذریعہ بنک کو اپنی لائف سرٹیفکیٹ بھیج سکتے ہیں۔



# پیغام 4
# وقت پر قرضوں کی ادائیگی سے ایک اچھا کریڈٹ سکور برقرار رکھیں۔

- قرضہ سمجھداری سے لیں اور اس بات کا معائنہ کرلیں کہ آپ میں اس کی واپسی کی صلاحیت ہے۔
- ہرایک قسط کی وقت پر ادائیگی کو یقینی بنائیں۔





- بنک آپ کو مزید قرضہ دینے سے قبل پہلے والے قرضہ کا کریڈٹ سکور اور کریڈٹ ہسٹری دیکھتے ہیں۔
- قرض کے تصفیے اور اقساط کی ادائیگی میں تاخیر آپ کی کریڈٹ ہسٹری/کریڈٹ سکور کو متاثر کرتی ہے۔ کسی قسم کی تاخیر کے بارے میں بنکر کو مطلع کردیں۔
- بعد کے بجائے جلد قرضہ ادا کریں کیونکہ اس سے آپ کی کریڈٹ ہسٹری اچھی بن جائے گی جو مستقبل میں آپ کو اپنے ذاتی کام یا کاروبار کیلئے مزید قرض لینے میں مدد کرے گی۔
- آپ اپنی کریڈٹ ہسٹری اور دیگر متعلقہ عوامل کی بنیاد پر، آپ کریڈٹ سکور حاصل کرتے ہیں۔ اعلیٰ سکور آپ کو زیادہ فائدہ دیتا ہے اور آپ قرض لینے کے طور پر زیادہ ذمہ دار بنتے ہیں۔







پیغام 5

# ڈرافٹ اور چیک کی مانگ اور منتقلی کو خدا حافظ کھیں اور رقم کی منتقلی وواپسی الیکٹرانک طور پر شروع کریں۔



- NEFT۔

ملک بھر میں کسی کو بھی پیسے کی چند گھنٹوں میں ہی پیسوں کی منتقلی۔
NEFT کام کے دنوں اور ورکنگ سنیچر کو صبح 8 بجے سے شام 7 بجے تک کام کرتا ہے۔



- RTGS۔

اگر آپ کو پیسے کی فوری منتقلی کی ضرورت ہو اور پیسے کی رقم دو لاکھ یا اس سے زائد ہو تو آپ ریئل ٹائم گراس سیٹلمنٹ (RTGS) کا استعمال کر سکتے ہیں۔
صارفین کیلئے آر ٹی جی ایس سہولت کام کے دنوں اور ورکنگ سنیچر کو صبح 8 بجے سے لیکر شام 4 بج کر 30 منٹ تک دستیاب ہے۔

- IMPS۔

فوری طور پر پیسے کی منتقلی کی سہولت کا استعمال کریں۔ پیسہ ہفتے میں چوبیس گھنٹے یہاں تک کہ بنک کی چھٹیوں اور اتوار کو بھی منتقل ہوسکتا ہے۔ این ای ایف ٹی، آر ٹی جی ایس اور آئی ایم پی ایس خدمات ایک برانچ یا آن لائن طریقوں جیسے انٹرنیٹ بنکنگ، موبائل بنکنگ وغیرہ میں دستیاب ہوتی ہیں۔

- (UPI)Unified Payment Interface۔


یو پی آئی پیسے کی فوری ادائیگی اور موصولی کا تیز اور آسان طریقہ ہے جس کیلئے VPA یعنی virtual payment address کا استعمال بغیر تفصیلی معلومات داخل کرنے جیسے بنک اکاؤنٹ نمبر، آئی ایف ایس سی، اے ٹی ایم، ڈیبٹ کارڈ نمبر وغیرہ کر سکتے ہیں۔آپ چوبیس گھنٹے یہاں تک کہ بنک کی چھٹیوں والے دن اور اتوار کو بھی پیسے بھیج سکتے ہیں۔آپ تاجروں کو بھی ادائیگی کر سکتے ہیں جنہیں یو پی آئی کی ادائیگی کیلئے یو پی آئی آپشن قبول کرنا ہوگا۔آپ یو پی آئی ایپلی کیشن اپنے سمارٹ فون سے بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں تا کہ اس کا استعمال کر سکیں۔



# پیغام 6

# بنکاری آپ کی دھلیز پر یا آپ کے علاقے میں

- آپ کو بنکاری ضروریات کیلئے بنک برانچ جانے کی ضرورت نہیں۔ بی سی آپ کے بنک کی طرف سے مقرر کردہ ایک ایجنٹ ہے۔ آپ اپنی نزدیکی بنک برانچ میں رابطہ کر کے یہ معلوم کر سکتا ہے کہ آپ کے علاقے میں بی سی کی سہولیات دستیاب ہے یا نہیں۔ آپ http://pmjdy.gov.in/g-i-s.aspxon کے لنک پر اپنے بنک تک رسائی حاصل کر کے اپنے علاقے کے بی سی کے بارے میں جان سکتے ہیں۔
- بنک افراد، خود مددگار گروپ بشمول غیر سرکاری تنظیموں، سول سوسائٹی کی تنظیمیں، پوسٹ آفس، پرائمری اگریکلچر کریڈٹ سوسائٹیز، مائیکرو فائنانس انسٹی ٹیوشن، کمپنیاں جن میں نان ڈیپازٹ ٹیکنگ این بی ایف سیز، پے منٹ بنکرس وغیرہ شامل ہیں، بھی بی سی ہو سکتے ہیں۔
- بی سی آپ کو لیپ ٹاپ کے استعمال، موبائل فون یا کسی آلہ کے استعمال سے اپنے بنک ک ساتھ جوڑتا ہے۔
- اپنے بنک کے ساتھ جڑے بی سی کا نام اور مزید تفصیلات کی توثیق کریں۔
- آپ بی سی ڈپازٹ کے ذریعہ ایک بنک اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں، پیسے جمع اور نکال سکتے ہیں، قرض کیلئے درخواست دے سکتے ہیں، مائیکرو انشورنس اور اپنے اکاؤنٹ سے پیسوں کی منتقلی کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ بی سی کی خدمات سے مطمئن نہیں ہیں تو آپ اس سلسلے میں بنک سے شکایت درج کرا سکتے ہیں۔






# پیغام 7
# اپنے بنک اور بنکنگ محتسب کے پاس شکایات درج کرنے کا طریقہ جاننا۔




- اپنی شکایت بنک برانچ کے شکایت رجسٹر میں درج کرائیں۔اگرارد گرد دستیاب نہ ہوتو اس کیلئے پوچھیں یا آن لائن شکایت درج کرائیں۔
- اگر برانچ میں متعلقہ افسر کا نام ظاہر نہ کیا گیا ہوتو اس کا نام پوچھیں جو آپ کی شکایت کا ازالہ کرسکتا ہے۔بنک کے پاس شکایات کے ازالے کیلئے ایک نوڈل افسر ہوتا ہے۔




- اگر بنک آپ کی شکایت کا ایک مقررہ مدت کے اندر اندر ازالہ نہیں کرتا تو اسے آپ کو ایسا نہ کرنے کی وجہ بتانی ہوگی۔
- اگرایک بنک آپ کی شکایت کا ازالہ ایک مہینے کے اندر نہیں کرتا تو آر بی آئی کے بنکاری محتسب سے رجوع کریں۔وہ آپ کی شکایت کا ازالہ مفت اور بروقت کریں گے۔
- بنکنگ محتسب ایسے افسران ہوتے ہیں جن کی تعیناتی آر بی آئی کرتا ہے۔یہ افسران ہندوستان بھر میں پندرہ مقامات پر ہیں۔بنکنگ محتسب بنکاری خدمات کی خاطر ایک رینج پر محیط ہوتا ہے۔
- شکایت ایک سادہ کاغذ پر لکھیں، آن لائن شکایت درج کرائیں یا ای میل بھیجیں۔ https://bankingombudsman.rbi.org.in پر آپ اپنی شکایت درج کراسکتے ہیں۔










# پیغام 8

# کوئی مفت کھانا نہیں ہے
# دھوکہ سے بچیں


- آر بی آئی یا آر بی آئی گورنر یا پھر کسی دوسرے بنک بشمول اپنے بنک کے نام سے پیسوں کی یقین دہانی پر آنے والے ای میلز، ایس ایم ایس یا فون کال کی دھوکہ دہی سے بچیں۔
- جعلی ای میلز کا شکار مت بنئے جن میں آپ کو بھارت یا بیرون ملک آر بی آئی یا کسی بھی دوسرے بنک کے نام سے یا سرکاری تنظیم کے نام سے بھاری رقم فراہم کرنے کی پیشکش ہو۔
- معلوم یا نا معلوم تنظیموں کو بھاری رقم کی منتقلی کے عوض کمیشن کے طور پر ابتدائی رقم مت دیں کیونکہ یہ آپ کے ساتھ فراڈ بھی کیا جاسکتا ہے۔





- آر بی آئی سیونگ اکاؤنٹ، کرنٹ اکاؤنٹ، فکسڈ ڈپازٹ یا کریڈٹ/ ڈیبٹ کارڈ نہیں کھولتا یا کسی بھی فرد کے ساتھ لین دین نہیں کرتا۔
- آر بی آئی/ بنک کبھی بنک اکاؤنٹ یا کریڈٹ/ ڈیبٹ کارڈ کی تفصیلات کیلئے ای میلز، ایس ایم ایس یا فون کال کے ذریعہ نہیں کہتے۔ کبھی بھی اس طرح کی تفصیل کسی کو بھی فراہم نہ کریں۔
- اپنے بنک اکاؤنٹ، انٹرنیٹ بنکنگ آئی ڈی، پاسورڈ، کریڈٹ/ ڈیبٹ کارڈ نمبر، سی وی وی، اے ٹی ایم پن یا او پی ٹی کی تفصیل کسی کے سامنے بھی ظاہر نہ کریں۔
- بھارت یا بیرون ملک کسی کی بھی طرف سے فرضی پیشکش، بھاری رقم یا سستی رقم کی پیشکش موصول ہونے پر مقامی پولیس تھانے یا سائبر کرائم حکام کے پاس شکایت درج کرائیں۔



# پیغام 9
# اے ٹی ایم کے حوالے تجربہ کے طور پر مندرجہ ذیل پریشانیاں ذہن میں رکھیں۔




- آپ اپنے اے ٹی ایم سے پیسے نکال سکتے ہیں، پیسے منتقل کر سکتے ہیں، بیلنس چیک کر سکتے ہیں، موبائل بنکنگ کیلئے اندراج کر سکتے ہیں، بل جمع کرا سکتے ہیں، اپنے آدھار نمبر کو بنک اکاؤنٹ کے ساتھ جوڑ سکتے ہیں۔
- اپنے اے ٹی ایم کارڈ کی تفصیلات یا پن کسی کو نہ بتائیں ،اور کبھی بھی کارڈ اے ٹی ایم میں نہ چھوڑیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ جب آپ اپنے اے ٹی ایم کارڈ کو کسی آلے یا سوائپ کے ساتھ جوڑیں تو وہاں کوئی کیمرہ وغیرہ نہ لگے ہوں۔ جیسا ممکن ہو، کی بورڈ کو ایک ہاتھ سے ڈھانپیں اور دوسرے ہاتھ سے اپنا پن اندراج کریں۔ کبھی بھی کسی دوسرے کو اپنا پن نہ دکھائیں۔
- نوٹوں کی جانچ اور شمار کرنا یاد رکھیں۔




- اپنے فون کو کارڈ سے منسلک رکھیں تا کہ اے ٹی ایم ٹرانزکشن کے بارے میں ایس ایم ایس الرٹ ملتی رہے۔
- اگر آپ کا کارڈ چوری ہو جائے یا کھو جائے یا آپ کو اس کے بارے میں کچھ مشکوک لگے تو فوری طور بنک سے رابطہ کر کے اسے بلاک کرا دیں۔
- اگر آپ کو اے ٹی ایم سے جڑی کوئی شکایت ہو تو کارڈ جاری کرنے کیلئے بنک کو لکھیں۔ بنک آپ کی شکایت موصول ہونے کے بعد اگلے سات دنوں میں اسے حل کرے گا یا پھر روزانہ سو روپے معاوضہ ادا کرے گا۔
- با قاعدگی سے اپنے اے ٹی ایم کارڈ پن کو تبدیل کرتے رہیں۔
- اے ٹی ایم مشین یا اے ٹی ایم کمرے میں اپنا کارڈ استعمال کرنے سے قبل مشتبہ سرگرمی دیکھ لیں۔



# پیغام 10

# اپنی محنت کی کمائی صرف تسلیم شدہ اداروں میں ھی سرمایہ کاری کریں

- اپنی محنت کی کمائی کو صرف آر بی آئی، سی ای بی آئی، آئی آر ڈی اے، پی ایف آر ڈی اے یا ریاستی حکومت کے تسلیم شدہ اداروں میں ہی جمع کرائیں یا سرمایہ کاری کریں۔ان اداروں کی فہرست دیکھنے کیلئے ویب سائٹ www.sachet.rbi.org.in پر جائیں۔

- ایک مختصر مدت میں زیادہ رقم کی ضمانت کے وعدے کے منصوبوں کی طرف توجہ نہ دیں۔اس طرح کے منصوبے فراڈ بھی ہو سکتے ہیں جو آپ سے رقم حاصل کرنے کے بعد ختم بھی ہو سکتے ہیں۔

- کمرشل بنکوں کے مقابلے میں بہت کم شرح سود پر قرضوں کی پیشکش کرنے والے ادارے آپ سے فیس حاصل کرنے کے بعد ختم بھی ہو سکتے ہیں۔

- اگر آپ کو کسی ایسے ادارے کے بارے میں شکایت ملے جو کسی سکیم کے تحت لی گئی رقم کی واپسی پر فراڈ کر رہا ہو تو اس کی شکایت www.sachet.rbi.org.in پر کریں۔








# پیغام 11

## MISSELLING:۔ جب آپ کسی بنک میں پیسے جمع کرانے جائیں تو آپ ایک ایسے انشورنس منصوبے کے ساتھ واپس آئیں جو آپ سمجھ نہ سکیں۔

- کیا آپ کے ساتھ کبھی ایسا ہوا ہے کہ آپ بنک میں مقررہ رقم جمع کرانے گئے اور وہاں سے آپ کو ایک انشورنس پالیسی کی پیشکش کی گئی ہو۔
- ایک انشورنس پالیسی کو تبھی قبول کریں جب آپ کو اس کی ضرورت ہو۔ یاد رکھیں کہ اگر آپ کو کوئی پالیسی نہیں چاہیے تو بنک آپ کو اسے خریدنے کیلئے مجبور نہیں کر سکتا۔
- کسی بھی پالیسی پر دستخط کرنے سے قبل چند منٹ لیکر اسے پڑھ لیں۔
- اگر آپ کا بنک آپ کو کوئی ایسا پراڈکٹ بیچنے کی کوشش کر رہا ہو جس کیلئے آپ نے کہا نہ ہو تو مطمئن ہونے تک اس کو نہ خریدیں۔
- اگر آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ آپ نے اپنے بنک سے ایک مالیاتی پراڈکٹ غلطی سے خریدا ہے تو شکایت درج کرانے سے ہچکچائیں نہیں۔







भारतीय रिज़र्व बैंक
RESERVE BANK OF INDIA